# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## (شعبہ تعلقات عامہ)

## پریس ریلیز

مورخہ 27 جولائی، 2017ء

**سینیٹر ظہیر الدین بابر اعوان کے استعفی سے خالی ہونے والی سینیٹ کی جنرل نشست کی سکروٹنی آج دفتر صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب لاہور میں کی گئی۔**

آج صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب لاہور میں سینیٹر ظہیر الدین بابر اعوان کے استعفی سے خالی ہونے والی سینیٹ کی جنرل نشست پر کاغذات نامزدگی کی سکروٹنی کا مرحلہ انجام پایا۔ سینیٹ کی اس نشست پر تین امیدواران نے کاغذات نامزدگی جمع کراوئے جن میں پاکستان مسلم لیگ (ن) کے دو امیدوار آصف سعید کرمانی اور محمد نعمان شامل ہیں۔ جب کہ سرفراز قریشی نے آزاد امیدوار کے طور پر کاغذات نامزدگی جمع کروائے ۔ سکروٹنی کے دوران آصف کرمانی اور محمد نعمان کے کاغذات بغیر کسی اعتراض کے منظور کر لئے گئے جبکہ آزاد امیدوار سرفراز قریشی کے کاغذات، تجویز کنندہ اور تائید کنندہ نہ ہونے کے باعث نامنظور قرار دیئے گئے ۔ اس دوران پاکستان مسلم لیگ (ن) کے امیدوار محمد نعمان نے کاغذات نامزدگی واپس لینے کی درخواست ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کروادی جو کہ منظور کر لی گئی۔ الیکشن قانون سیکشن 15 کے تحت امیدوار سیکرونٹی کے وقت یا الیکشن شیڈول میں کاغذات نامزدگی کی واپسی کی تاریخ تک اپنے کاغذات واپس لینے کی درخواست ریٹرننگ آفیسر کے پاس جمع کراسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

**Public Relations Wing**
Ph: 051-9206939
051-9201057